http://e.tashakurnews.com — info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews — twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال — ABC Certified — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: علی منصور

جلد : 23 | 27 شوال المکرّم 1446ھ جمعرات 16 اپریل 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 326



شہباز شریف کی سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کی اہم سفارتی دورہ، علاقائی امن و تعاون پر تبادلہ خیال کریں گے

ٹیکس کا پیسہ قوم کی امانت ہے، وزیراعظم شہباز شریف

ایک ایک پائی کا حساب دینا ہماری ذمہ داری ہے، 2017 سے 2022 کے دوران اوور انوائسنگ کا مکروہ دھندا چلتا رہا اور متعلقہ ادارے اپنے فرائض سے مسلسل غافل رہے، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ٹیکس کا پیسہ قوم کی امانت ہے، اسکی حفاظت ہمارا فرض اور ایک ایک پائی کا حساب دینا ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت ایف بی آر کے امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس کے موقع پر اوور انوائسنگ کے حوالے سے بنائی گئی کمیٹی کی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2017 سے 2022 کے دوران اوور انوائسنگ کا مکروہ دھندا چلتا رہا اور متعلقہ ادارے اپنے فرائض سے مسلسل غافل رہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

بیرونی دباؤ کا جواب، چین نے طاقتور قانون نافذ کر کے دنیا کو سخت پیغام دیدیا

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے وزیراعظم لی قیانگ نے ملک کی خودمختاری، قومی سلامتی اور معاشی مفادات کے تحفظ کے لیے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

مودی کی ناقص معاشی پالیسیوں کیخلاف ہزاروں مزدور سراپا احتجاج

ہنگامہ آرائی اور توڑ پھوڑ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) مودی حکومت کی ناقص پالیسیوں سے بھارت کے ہر طبقے کے لوگ متاثر ہونے لگے ہیں، جس کے سبب عام شہری کی زندگی اجیرن بن گئی۔ بھارتی جریدہ ٹائمز آف انڈیا کے مطابق بھارتی شہر نوئیڈا میں تنخواہوں میں اضافے کے مطالبے پر فیکٹری مزدوروں کا احتجاج پرتشدد شکل اختیار کر گیا۔ نوئیڈا میں فیکٹری مزدوروں کا احتجاج پرتشدد ہنگاموں میں تبدیل ہوگیا جہاں متعدد گاڑیوں کو نذر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

سعودی عرب کا پاکستان کیلئے اضافی معاونت کا اعلان، 5 ارب ڈالر کے ڈپازٹ میں توسیع

ایران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا پرتپاک استقبال

اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہمراہ ہے

پاکستان سے آنے والا طیارہ تہران پہنچ گیا جس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر وفد کے ہمراہ موجود ہیں، پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں اعلیٰ سطح کا وفد ایرانی حکومت کے اعلیٰ ترین حکام سے ملاقات کرے گا جس میں مذاکرات کے دوسرے دور کی تیاری کے بارے میں تبادلہ خیال کیا جائے گا، عرب میڈیا کی رپورٹس

اسلام آباد، ریاض تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی مذاکرات کے دوسرے مرحلے کے سلسلے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ تہران پہنچ گئے۔ قطر کے نشریاتی ادارے الجزیرہ نے دعوی کیا ہے کہ پاکستان سے آنے والا طیارہ تہران پہنچ گیا جس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر وفد کے ہمراہ موجود ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں اعلیٰ سطح کا وفد ایرانی حکومت کے اعلیٰ ترین حکام سے ملاقات کرے گا جس میں مذاکرات کے دوسرے دور کی تیاری کے بارے میں تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ آئی آر آئی بی نیوز ایجنسی کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی مذاکرات کا دوسرا دور آئندہ چند دنوں میں پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں ہونیکا امکان ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

تہران: فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کا ایران پہنچنے پر ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی پرجوش استقبال کر رہے ہیں

ٹرمپ کا پوپ لیو پر ایک اور بڑا حملہ، اٹلی کی وزیراعظم کو بھی نشانے پر لے لیا | ٹرمپ ایران کے ساتھ چھوٹی نہیں بلکہ جامع ڈیل چاہتے ہیں، جے ڈی وینس

پوپ لیو سے متعلق ٹرمپ کے تبصرے تاریخی غلطی ہیں، نائب ہسپانوی وزیراعظم | امید ہے پاکستان اگلے بدھ کو ایک بار پھر مذاکرات کی میزبانی کرے گا، ایران

لبنان کو حزب اللہ کے چنگل سے آزاد کرانے پر اتفاق ہوگیا

اسرائیلی سفیر کا دعویٰ

پوپ لیو کو ایران کے ایٹمی خطرے کے بارے میں کوئی سمجھ نہیں ہے اور انہیں عالمی جنگی معاملات پر تبصرہ نہیں کرنا چاہیے، پوپ کو عالمی صورتحال کا درست ادراک نہیں،

مذہبی رہنماؤں کو بین الاقوامی تنازعات پر رائے دینے سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ یہ معاملات انتہائی حساس اور پیچیدہ ہوتے ہیں، امریکی صدر کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن، بیروت، میڈرڈ، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی ثالثی میں ہونے والے لبنان اور اسرائیل کے جنگ بندی مذاکرات ختم ہوگئے جس کے بارے میں اسرائیلی سفیر نے بڑا دعوی کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق مذاکرات کے اختتام کے بعد اسرائیل کے امریکا میں سفیر یخئیل لیٹر نے صحافیوں کو تفصیلات بتائیں۔ انھوں نے دعوی کیا کہ تینوں ممالک (امریکا، لبنان اور اسرائیل) کے درمیان اتفاق ہوگیا ہے کہ حزب اللہ کو غیر مسلح کر دیا جائے گا۔ اسرائیلی سفیر نے مزید کہا کہ ہم اس بات پر متفق ہیں کہ لبنان کو اس طاقت کے چنگل سے آزاد کرایا جائے جس پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

جدہ: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف دورہ سعودی عرب پر آمد پر گورنر مکہ سے ملاقات کر رہے ہیں

تہران میں شہید بچیوں کی تصاویر نے سب کو رلا دیا، دل دہلا دینے والا منظر سامنے آگیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے دارالحکومت میں امریکی حملے میں شہید ہونے والی معصوم بچیوں کی یاد میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

پاکستان، ترکیہ، سعودیہ اور مصری حکام کا اجلاس

نئے 4 فریقی اتحاد کے ڈھانچے کی حتمی تجاویز تیار

قریبی ہم آہنگی امن، استحکام اور اقتصادی ترقی کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے، خاص طور پر

ایک ایسے وقت میں جب مشرقِ وسطیٰ میں جغرافیائی و سیاسی غیر یقینی کی صورتحال گہری ہو رہی ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان، ترکیہ، مصر اور سعودی عرب خاموشی سے لیکن مستقل مزاجی کے ساتھ ایک نئے 4 فریقی ڈھانچے کو باقاعدہ شکل دینے کی جانب بڑھ رہے ہیں کیونکہ مشرقِ وسطیٰ میں تیزی سے ہونے والی تبدیلیاں اہم علاقائی ممالک پر سفارت کاری اور سیکیورٹی پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

اسرائیل کے لبنان پر حملے علاقائی امن کی امید کیلئے نقصاندہ ہیں، ترک صدر

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ اسرائیل کے لبنان پر جاری حملے علاقائی امن کی امید کے لیے نقصان دہ ہیں۔ ترک صدر کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ ایران کی جنگ بندی سے پیدا ہونے والے موقع سے فائدہ اٹھایا جانا چاہیے، ترکی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ایران جنگ نہیں مذاکرات چاہتا ہے، صدر مسعود پزشکیان

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے واضح کیا ہے کہ ان کا ملک جنگ نہیں بلکہ مذاکرات کا خواہاں ہے، تاہم امریکا کی جانب سے دباؤ ڈالنے یا ایران کو جھکانے کی کوئی بھی کوشش ناکام رہے گی۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



افغان طالبان کی باجوڑ میں سول آبادی پر گولہ باری، 3 افراد شہید، 3 شدید زخمی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغان طالبان کی باجوڑ میں پاکستانی سول آبادی پر گولہ باری سے دو بچوں سمیت 3 افراد شہید اور تین شدید زخمی ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

پاور ڈویژن کا رات میں بجلی کم استعمال کرنے کا مشورہ، ترجمان پاور ڈویژن کی بجلی کی کم دستیابی کی وجہ سے اضافی لوڈ مینجمنٹ پر معذرت

ملک بھر میں 8 سے 16 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ

شہری اذیت میں مبتلا

ملک میں بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار 500 میگاواٹ تک پہنچ گیا ہے، اس وقت ملک میں بجلی کی مجموعی پیداوار 15 ہزار 400 میگاواٹ ہے جبکہ بجلی کی

طلب 22 ہزار میگاواٹ تک ریکارڈ کی جارہی ہے، مختلف ذرائع سے بجلی کی پیداوار میں پن بجلی ایک ہزار 500 میگاواٹ فراہم کر رہی ہے، ذرائع

کراچی (رپورٹ فراز حسین) ملک بھر میں 8 سے 16 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، جس سے شہریوں کو شدید گرمی میں شدید اذیت اٹھانا پڑ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار 500 میگاواٹ تک پہنچ گیا ہے۔ اس وقت ملک میں بجلی کی مجموعی پیداوار 15 ہزار 400 میگاواٹ ہے جبکہ بجلی کی طلب 22 ہزار میگاواٹ تک ریکارڈ کی جارہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مختلف ذرائع سے بجلی کی پیداوار میں پن بجلی ایک ہزار 500 میگاواٹ فراہم کر رہی ہے جب کہ تھرمل ذرائع سے 9 ہزار 250 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ اسی طرح سولر پاور پلانٹس 400 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں اور بیگاس سے بجلی کی پیداوار 200 میگاواٹ تک ہے۔ علاوہ ازیں ونڈ پاور پلانٹس سے ایک ہزار 200 میگاواٹ بجلی حاصل ہو رہی ہے جب کہ نیوکلیئر پاور پلانٹس کی پیداوار 2 ہزار 850 میگاواٹ تک پہنچ چکی ہے، جس کے باوجود ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ برقرار ہے۔ دوسری جانب ملک بھر میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے معاملے پر پاور ڈویژن کی جانب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

ای چالان کے نام پر جعلی SMS، شہری محتاط رہیں



کراچی (رپورٹ محمد فیصل) ای چالان کے نام پر جعلی ایس ایم ایس کے ذریعے ڈیجیٹل فراڈ کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں کو خبردار کر دیا گیا۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق ای چالان کے آفیشل پیغامات صرف "9915" سے بھیجے جاتے ہیں اور ان میں کسی قسم کا لنک شامل نہیں ہوتا، نہ ہی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

امریکا ناکہ بندی ختم کرے ورنہ کسی بھی سمندری راستے سے جہاز کو گزرنے نہیں دیں گے، ایران

امریکا نے ایران کی جانب جانے والے بحری راستوں کی ناکہ بندی کر رکھی ہے تاکہ وہاں سے کسی بھی جہاز کی آمدورفت ممکن نہ ہوسکے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران امریکی ناکہ بندی کو جنگ بندی کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے فی الفور بحری راستے کھولنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا نے ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی جاری رکھی تو خطے کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

کراچی، نویں جماعت کا فزکس کا پرچہ بھی آؤٹ ہونے کے بعد سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ثانوی میٹرک بورڈ کے تحت نویں اور دسویں کے امتحانات جاری ہیں۔ شفاف امتحانات کے حوالے سے میٹرک بورڈ انتظامیہ کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ کراچی میں نویں جماعت کا فزکس کا پرچہ بھی آدھے گھنٹے قبل آؤٹ ہو کر سوشل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

"کراچی کو حق دو"

کے بینرز جو دکاندار بنائینگے ان کو سِیل کر دینگے، میئر کراچی

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے جماعتِ اسلامی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں کراچی کو حق دو کے بینرز لگانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، اس چیز پر غور کر رہا ہوں کہ جو دکاندار اس طرح کے بینرز بنائیں گے ان کو سِیل کریں گے۔ تقریب سے خطاب میں میئر کراچی نے بلدیہ عظمیٰ کراچی میں ویجیلنس اسکواڈ کے لیے 20 الیکٹرک موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا اعلان کیا اور شہر کے انفرااسٹرکچر کے تحفظ اور گرین انرجی کے فروغ کے لیے اہم اقدامات کا عندیہ دیا۔

میئر کراچی نے کہا کہ وارڈنز کو پروٹوکول ڈیوٹی سے ہٹا دیا گیا ہے اور اب انہیں ویجیلنس اسکواڈ کا حصہ بنایا جا رہا ہے، میرے ساتھ کوئی وارڈن نہیں چلتا، تمام وسائل شہر کی خدمت کے لیے استعمال ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ویجیلنس اسکواڈ وال چاکنگ، غیر قانونی پوسٹرز و بینرز، گرل کاٹنے، اسٹریٹ لائٹس چوری کرنے اور شہر کے انفرااسٹرکچر کو نقصان پہنچانے والے عناصر پر نظر رکھے گا جبکہ پلوں کے نیچے اور دیگر مقامات پر نشہ کرنے والے افراد کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔

مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ترقیاتی کام کے ایم سی کرتی ہے مگر نقصان کوئی اور پہنچا دیتا ہے، اسی لیے ویجیلنس اسکواڈ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ میئر کراچی نے کہا کہ یہ موٹر سائیکلیں کسی پروٹوکول کے لیے نہیں بلکہ شہر قائد کی ملکیت ہیں اور کے ایم سی کا عملہ انہیں مختلف علاقوں میں استعمال کرے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ شہر کو گرین انرجی پر منتقل کیا جا رہا ہے، کے ایم سی بلڈنگ پہلے ہی سولر پر منتقل ہو چکی ہے جبکہ اسپتالوں اور پمپنگ اسٹیشنز کی سولرائزیشن جاری ہے، مستقبل میں فیول کی بچت کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے اور ٹرانسپورٹ کو بتدریج الیکٹرک وہیکل پر منتقل کیا جائے گا، قومی معاملات پر اتحاد ضروری ہے جبکہ سیاسی اختلافات ہوتے رہتے ہیں۔

میئر کراچی نے دعوی کیا کہ لیاری ٹرانسفارمیشن اور شاہراہِ نور جہاں جیسے منصوبے کے ایم سی نے مکمل کیے مگر کریڈٹ کوئی اور لے رہا ہے، شاہراہِ نور جہاں ہم نے بنائی، بینرز لگے ہوئے تھے شکریہ جماعت اسلامی، اس منافقت سے کبھی اس شہر کا بھلا نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہر اجلاس میں سیف بھائی یرغمال ہو جاتے ہیں، ویڈیو میں ثابت کیا جائے کہ حملہ کس نے کیا۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ شہر کی بہتری کے لیے سب کو متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا اور سیاسی منافقت سے کراچی کا کوئی بھلا نہیں ہوگا۔

کراچی، قبضہ مافیا کیخلاف ٹاؤن انتظامیہ کا بے رحم آپریشن

ٹریفک جام کا بڑا سبب بھی ختم

عوامی مفاد کے خلاف کام کرنے والوں کے لیے شہر میں کوئی جگہ نہیں، ہر غیر قانونی تعمیر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا، ٹاؤن چیئرمین

ایسے بے رحم آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ کراچی کو قبضہ مافیا کے چنگل سے مکمل طور پر آزاد کروایا جاسکے، شہریوں کا مطالبہ

کراچی (نمائندہ خصوصی) ٹاؤن چیئرمین منصور شیخ کی واضح اور سخت ہدایات پر ٹی ایم سی انچارج شاہنواز کی جانب سے لیاری ایکسپریس وے جانے والی مرکزی سڑک پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

سندھ رینجرز کی کارروائی، اسٹیل ٹاؤن سے 2 ڈاکو گرفتار

کراچی (رپورٹ عامر صابر) پاکستان رینجرز (سندھ) نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے اسٹیل ٹاؤن سے ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

آئی جی سندھ سے ہیومن رائٹس کمیشن پاکستان کے وفد کی ملاقات

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو سے ہیومن رائٹس کمیشن پاکستان کے چیئرپرسن اسد اقبال بٹ نے وفد کے ہمراہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

ہنگو، انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی، ٹیم محفوظ

ہنگو (مانیٹرنگ ڈیسک) صوبہ خیبر پختونخوا کے شہر ہنگو میں نامعلوم افراد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ڈاکوؤں نے امام مسجد کو بھی نہ بخشا، نئی موٹر سائیکل چھین کر فرار

پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹیل ٹاؤن میں دو نامعلوم ملزمان اسلحہ کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

انڈمان، سمندر میں کشتی ڈوبنے سے سیکڑوں روہنگیا مہاجر لاپتہ

انڈمان (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

وزیراعلیٰ سندھ کا محکمہ خوراک کو گندم خریداری مہم تیز کرنے کا حکم

چھوٹے آبادگاروں سے رابطہ بڑھایا اور مسائل حل کیے جائیں، زراعت ایک ترجیحی شعبہ ہے اور ہم ہاریوں کے مفادات کا تحفظ کریں گے، غذائی تحفظ یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبائی محکمہ خوراک کو گندم خریداری مہم تیز کرنے کا حکم دے دیا۔ ترجمان وزیراعلیٰ سندھ کے مطابق سید مراد علی شاہ کی گندم خریداری پالیسی کا جائزہ اجلاس ہوا، اس موقع پر چھوٹے آبادگاروں پر خصوصی توجہ کی ہدایت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)



کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو ہیومن رائٹس کمیشن پاکستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ناظم آباد میں 2 بہنوں کی موت کے بعد راتوں رات گڑھا بھر کر سڑک بنا دی

انتظامیہ کی پھرتیاں

حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل اور اس پر سوار نوجوان الٹے ہاتھ پر جبکہ موٹر سائیکل پر سوار دونوں بہنیں سیدھے ہاتھ پر گریں اور ہیوی وہیکل کے پچھلے پہیوں کے نیچے آکر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں، علاقہ مکین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناظم آباد نمبر 1 میں گزشتہ رات ٹریفک حادثے میں 2 بہنوں کی ہلاکت کے بعد انتظامیہ نے راتوں رات گڑھا بند کر کے سڑک بھی تعمیر کر دی۔ تفصیلات کے مطابق علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ علاقے کے گھروں میں گیس نہیں آرہی تھی اور کھانا نہ پکنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

پولیس مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 5 ڈاکو گرفتار، 2 فرار

زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور سیکیورٹی اہلکاروں کی کارروائیوں کے دوران مبینہ مقابلوں میں 4 زخمیوں سمیت 5 ڈاکوؤں کو گرفتار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی، میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے گلبرگ میں پولیس نے مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی اپوا گرلز کالج گراؤنڈ، کریم آباد میں کی گئی، جہاں ملزم کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد قابو کیا گیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

مومن آباد پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ، زخمی سمیت 2 ڈاکو گرفتار

گرفتار ملزمان سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فونز، کیش رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں مومن آباد پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

29 ارب 69 کروڑ ایرانی ریال اسمگل کرنے میں ملوث ملزمان میں سی ٹی ڈی اہلکار بھی شامل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی موچکو پولیس کی کارروائی میں 29 ارب 69 کروڑ ایرانی ریال پکڑے جانے کے معاملے میں گرفتار ملزمان میں ایک سی ٹی ڈی کوئٹہ کا اہلکار بھی شامل ہے۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق کانسٹیبل تاج محمد کیخلاف محکمانہ کارروائی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

اسٹیل ملز سے لوہا اور تانبہ چوری کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

ملزمان کی شناخت خرم ولد بشیر احمد اور محمد یاسین کے ناموں سے ہوئی، ترجمان ملیر پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹیل ملز سے لوہا اور تانبہ چوری میں ملوث دو ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ترجمان ملیر پولیس کے مطابق ایس ایس پی ملیر کی ہدایت پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

ٹرمپ ایران سے معاہدے کیلئے پاکستان آنے کے خواہشمند، مگر انہوں نے شرط بھی رکھی ہے، حامد میر

مجھے امریکی صدر کی بات پر زیادہ اعتبار نہیں ہے، مذاکرات کے دوران کسی بھی مرحلے پر ٹرنگ پوائنٹ آسکتا ہے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس مرحلے کو تاخیر کا باعث بنا سکتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے سینئر صحافی اور تجزیہ کار حامد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

ایران امریکا مذاکرات کامیاب ہوئے تو ٹرمپ دستخط کیلئے خود پاکستان آئیں گے، مشاہد حسین سید

دوسرے راؤنڈ سے مثبت نتائج برآمد ہونے کا امکان ہے، جس سے کشیدگی میں کمی کی راہ ہموار ہوسکتی ہے، سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز احمد چوہدری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران امریکا کشیدگی کے تناظر میں پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی: رکشا گینگ کے کارندوں سمیت 7 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

گرفتار ملزمان کی شناخت شاہ میر خان ولد شمروز خان اور سلمان ولد سکندر کے ناموں سے کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پولیس اور رینجرز نے مختلف کارروائیوں کے دوران رکشا گینگ کے 2 کارندوں سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بوٹ بیسن پولیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

طالبان رجیم کی ہٹ دھرمی اور نااہلی، افغان بچے تاحیات معذوری کے دہانے پر آگئے

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان رجیم کی ہٹ دھرمی اور نااہلی نے افغان بچوں کو تاحیات معذوری کے دہانے پر لا کھڑا کیا۔ افغان طالبان رجیم کی نااہلی اور غفلت کے باعث افغانستان میں پولیو کیسز میں اضافہ ہونے لگا۔ طالبان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

امریکا کا ایران پر دباؤ بڑھانے کیلئے مشرق وسطیٰ میں ہزاروں فوجی تعینات کرنے کا فیصلہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے ایران پر دباؤ بڑھانے کے لیے مشرق وسطیٰ میں مزید ہزاروں فوجی تعینات کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے امریکی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پینٹاگون آئندہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

قبضہ مافیاز کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے زمینوں پر قبضوں، تجاوزات اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے بڑا اور مؤثر اقدام کرتے ہوئے قائم کردہ خصوصی کمیٹی کا چوتھا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

اسلام آباد: گورنر سندھ سید نہال ہاشمی سعودی عرب کے سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں

گورنر سندھ سے سعودی سفیر کی ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28) ہاشمی سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی

عدالت کا لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر پولیس رپورٹس پر اظہار برہمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے آئینی بینچ نے لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر پولیس رپورٹس پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ گمشدہ افراد کا سراغ لگانے کے لئے جدید (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

خیرپور: غیرت کے نام پر 18 سالہ لڑکی کا سفاکانہ قتل، صوبائی وزیر کا نوٹس

18 سالہ روبینہ کو سرعام گولی ماردی گئی، ماموں اور کزن نے روبینہ کی زندگی کا چراغ گل کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی نے ٹنڈو مستی خیرپور میں خاتون کو غیرت کے نام پر قتل کیے جانے کے واقعے کا نوٹس لیا جبکہ پولیس نے کارروائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی: میٹرک امتحانات کے دوران طویل لوڈشیڈنگ، طلبا کو پرچے حل کرنے میں مشکلات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میٹرک امتحانات کے دوران شدید لوڈشیڈنگ کے باعث طلبہ کو پرچے حل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے جبکہ کئی پرچے خراب ہوجاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں میٹرک کے سالانہ امتحانات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملے جاری

غزہ میں 10 اور لبنان میں 9 شہری جاں بحق

اسرائیلی جنگی طیاروں نے غزہ شہر کے مرکزی علاقے میں پولیس گاڑی پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے جبکہ ایک پولیس اہلکار کی شہادت بھی رپورٹ ہوئی

بیروت، غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملے جاری ہیں اور تازہ کارروائیوں میں کم از کم 11 فلسطینی شہید ہوگئے جن میں معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ غزہ کی سول ڈیفنس اتھارٹی کے مطابق شمالی غزہ میں ہونے والے حملوں میں 3 اور 14 سال کے دو بچے جان کی بازی ہار گئے۔ ترجمان محمود بسال کے مطابق غزہ سٹی میں ایک پولیس گاڑی کو نشانہ بنایا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

اسلام آباد: سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمٰن ایرانی سفیر رضا امیر مقدم سے ملاقات کر رہے ہیں

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب بلوکل گورنمنٹ ایکٹ آئین سے متصادم ہے

حافظ نعیم الرحمن

ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے ہے، پاکستان میں 49 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت ہے، یہ عوام کو دیگر مسائل میں مبتلا کر کے اصل مسائل سے توجہ ہٹانے چاہتے ہیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ آئین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

دودھ کی قیمتوں، ملاوٹ اور دکانیں سیل کرنے پر عدالت کے اہم ریمارکس

دودھ لے آئیں، ہم سونگھ کر بتادیں گے ملاوٹ ہوئی ہے یا نہیں، عدالت کے ریمارکس

اگر حکومت درست ریٹ طے نہیں کرے گی تو دکاندار مجبوراً ملاوٹ کریں گے، درخواست گزار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں دودھ کی قیمتوں میں ریٹیلرز کے منافع میں اضافے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی، جہاں سرکاری وکیل نے جواب جمع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

منصوبوں میں حائل تمام تجاوزات کا فوری خاتمہ کیا جائے

ناصر حسین شاہ

ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تمام وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان باہمی مشاورت اور کوآرڈینیشن نہایت ضروری ہے، منصوبوں میں پائی جانے والی تمام تجاوزات کا فوری خاتمہ کیا جائے، وزیر بلدیات کی زیر صدارت اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ کی زیر صدارت کراچی میں جاری میگا پروجیکٹس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

مسلم حکمران ایک نہ ہوئے تو استعمال ہونگے، فضل الرحمٰن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جنگ بندی کی توقع، مستقبل امن کی تمنا کے ساتھ اسلامی بلاک کا قیام ہماری خواہش ہے، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

مقبوضہ کشمیر کے عوام اور سیاسی قیادت کا پاکستانی مؤثر سفارتکاری پر اظہار تشکر

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی امن کے لیے بہترین سفارتکاری پر مقبوضہ کشمیر کے عوام اور سیاسی قیادت نے پاکستان کی کوششوں کو بھرپور خیرمقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مقبوضہ جموں و کشمیر عمر عبداللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ایران امریکا جنگ بندی میں وہ کلیدی کردار ادا کیا جو کوئی اور ملک نہ کر سکا۔ محبوبہ مفتی کا کہنا تھا کہ دنیا کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے پر پاکستان کا کردار انتہائی قابل تحسین ہے۔

اچکزئی، علامہ ناصر عباس سے اختیارات واپس لینے کی تیاری

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی قیادت میں اپوزیشن اتحاد سے علیحدگی کے لیے ٹیم تیار کر لی گئی ہے، اب یہ بہانے نہیں چلیں گے، ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ قیادت نے اپوزیشن کی حکمت عملی پر تنقید کرتے ہوئے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ویٹو اختیار ختم یا محدود کرنے کا مطالبہ کر دیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان نے سلامتی کونسل کے ویٹو اختیار کے خلاف واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے اس کے خاتمے یا کم از کم سخت پابندیوں کا مطالبہ کر دیا ہے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ سلامتی کونسل میں بار بار پیدا ہونے والا تعطل مستقل اراکین کی جانب سے ویٹو کے ناجائز استعمال کا نتیجہ ہے جو عالمی امن و سلامتی کے لیے سنگین رکاوٹ بن چکا ہے۔

وزیر داخلہ کی کراچی میں چینی قونصلیٹ آمد، دوطرفہ تعاون اور سیکیورٹی امور پر تبادلہ خیال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی کراچی میں چینی قونصلیٹ آمد ہوئی جہاں چین کے قونصل جنرل یانگ یونڈونگ نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

کراچی: امتحانی مرکز پر چیئرمین میٹرک بورڈ کا چھاپہ، سینٹر سپرنٹنڈنٹ معطل

امتحانی مرکز میں پیسوں کے عوض نقل کرائی جارہی ہے، اساتذہ اور والدین کا انکشاف

نقل کی روک تھام کے لیے زیرو ٹالرنس کی پالیسی برقرار رہے گی، غلام حسین سوہو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین میٹرک بورڈ غلام حسین سوہو نے پیسوں کے عوض نقل کی شکایت پر گورنمنٹ سیکنڈری اسکول نمبر 1، پی ای سی ایچ ایس میں سینٹر سپرنٹنڈنٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

شاہ فیصل پل پر مبینہ لوٹ مار، پولیس نے ماہر کھوجیوں کی مدد لینا شروع کر دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شاہ فیصل پل پر مبینہ لوٹ مار کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد پولیس نے ملزمان کی تلاش کیلئے روایتی طریقہ کار اپناتے ہوئے ماہر کھوجیوں کی مدد لینا شروع کر دی ہے۔ واقعے کی تحقیقات کے لیے ایس ایچ او شرافی گوٹھ اور ڈی ایس پی کی سربراہی میں پولیس ٹیم ماہر کھوجیوں کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچی، کھوجی کو کچے کے علاقے میں موٹر سائیکلوں اور ملزمان کے قدموں کے نشانات مل گئے ہیں۔

سندھ میں اب تک منکی پاکس سے 9 اموات رپورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں اب تک منکی پاکس سے 9 اموات رپورٹ ہو چکی ہیں۔ محکمہ صحت سندھ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ صوبے بھر میں مجموعی طور پر منکی پاکس سے 122 مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں سے 25 کیسز کی لیبارٹری سے تصدیق ہو چکی ہے۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران منکی پاکس کے 2 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔



کے الیکٹرک بورڈ آف ڈائریکٹرز کا بڑا فیصلہ، شہریار چشتی چیئرمین مقرر

شہریار چشتی اس سے قبل بطور متبادل ڈائریکٹر خدمات انجام دے چکے ہیں جس کے بعد انہیں عارضی طور پر چیئرمین کے اختیارات دیے گئے تھے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کے الیکٹرک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اہم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

پاک فوج کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پشاور گیریژن میں تقریب

تقریب میں کور کمانڈر پشاور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور شہدا کے لواحقین سے فرداً فرداً ملاقات کی، لواحقین نے یادگار شہدا پر حاضری دی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں جام شہادت نوش کرنے والے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

پیٹرول قیمت بڑھنے سے مافیا کو اربوں کا فائدہ پہنچا، محمد زبیر

بطور اپوزیشن پارٹیز حقیقت عوام کے سامنے لانا ہمارا فرض ہے، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

میرانشاہ، پاک فوج کے زیر اہتمام شمالی وزیرستان کے قبائلی عمائدین کا اہم جرگہ

شرکا کو دہشت گرد عناصر کی جانب سے امن کو نقصان پہنچانے کی کوششوں سے آگاہ کیا گیا،

افغانستان کے ساتھ سرحدی صورتحال اور اسکے علاقے پر اثرات کے متعلق گفتگو بھی کی گئی

میرانشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) میرانشاہ میں پاک فوج کے زیر اہتمام شمالی وزیرستان کے ملک و مشران اور عمائدین کا اہم جرگہ منعقد کیا گیا۔ شمالی وزیرستان کے جی او سی نے جرگے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

پاک فوج کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پشاور گیریژن میں منعقدہ تقریب میں کور کمانڈر پشاور شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کر رہے ہیں

کراچی: ٹی ایم سی انچارج شاہنواز کی جانب سے لیاری ایکسپریس وے جانے والی مرکزی سڑک پر قابض مافیا کے خلاف کارروائیوں کی نگرانی کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر کراچی
نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ پلازہ III-B/1-3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 ،roznamatashakur786@gmail.com

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کا غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آن لائن ڈیجیٹل آپریشن

جنوری تا اپریل 2026 تک مجموعی طور پر 396 غیر قانونی تعمیرات منہدم کی گئی، ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی مزمل حسین بالیچو کا پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی نے رواں سال جنوری تا اپریل 2026 کے دوران شہر بھر میں 396 غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آن لائن ڈیجیٹل آپریشن کرتے ہوئے 147 عمارتوں کو مکمل منہدم کر دیا، جبکہ 249 دیگر عمارتوں کے غیر قانونی حصے گرائے گئے۔ اس کارروائی کے دوران 6 ہزار 500 مربع گز سے زائد رقبہ واگزار کرایا گیا۔ یہ کارروائی ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی مزمل حسین بالیچو کی ہدایت پر کی گئی۔ ان کارروائیوں کی نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل (انفورسمنٹ) محمد ارشد کھوسو نے کی۔ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر (ٹاؤن پلاننگ) عبدالرحمٰن، ڈائریکٹر (لیگل) ثمینہ ارشد، ڈائریکٹر (ایڈمن) عبدالرحمٰن، ڈائریکٹر (آئی ٹی) عبدالرحمٰن، ڈائریکٹر (ایف اینڈ اے) عبدالرحمٰن، ڈائریکٹر (ایس بی سی

بقیہ روزنامہ تشکر 1

انہوں نے اس معاملے میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مشتاق احمد سکھیرا کی سربراہی میں بنائی گئی کمیٹی کی رپورٹ کی توصیف کی جبکہ شاہد خان کی سربراہی میں غفلت کے مرتکب افراد اور اداروں کا تعین کرنے اور انکے خلاف محکمانہ کارروائی کرنے کیلئے ایک کمیٹی بنا کر جلد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم نے زور دیا کہ ایسے واقعات کو مستقبل میں روکنے کے جامع حکمت عملی بنائی جائے۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ فائنانشل مونیٹرنگ یونٹ (FMU) کو ایک فعال ادارہ بنایا جائے اور اس میں ایف آئی اے اور ایجنسیز بیورو کے نمائندے بھی شامل کیے جائیں۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایف بی آر نے سنٹرلائزڈ پرائس ویریفکیشن پورٹل بنایا ہے۔ جون کے آخر تک یہ پورٹل بینکوں کے ساتھ منسلک ہوجائے گا۔ ایف بی آر کے پوسٹ کلیرنگ آڈٹ ونگ نے اکتوبر 2022 میں اس اوور انوائسنگ دھندے کی نشاندہی کی۔ اس دوران مرتکب افراد کے خلاف 13 ایف آئی آر درج ہو چکی ہیں، اور قانونی کارروائی جاری ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، چیئرمین ایف بی آر اور اعلی سرکاری حکام شریک ہوئے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف 15 سے 18 اپریل 2026 تک مملکت سعودی عرب، ریاست قطر اور جمہوریہ ترکیہ کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزیراعظم اپنے سرکاری دورہ سعودی عرب کے لیے روانہ ہوگئے ہیں۔ ان کے ہمراہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی موجود ہیں۔ سعودی عرب اور قطر کے دوطرفہ دوروں میں وزیراعظم دونوں ممالک کی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے، جس میں جاری دوطرفہ تعاون کے ساتھ ساتھ علاقائی امن وسلامتی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ وزیراعظم پانچویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت کے لیے ترکیہ کا بھی دورہ کریں گے۔ فورم کے دوران، وزیراعظم دیگر عالمی رہنماں کے ساتھ، فورم میں پاکستان کا نقطہ نظر پیش کرنے کے لیے لیڈرز پینل میں شرکت کریں گے۔ فورم کے موقع پر وزیراعظم کی صدر رجب طیب اردوان اور دیگر اہم عالمی رہنماں سے دوطرفہ ملاقاتیں متوقع ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

آتش کر دیا گیا۔ ٹائمز آف انڈیا کے مطابق بھارتیہ جنتا پارٹی عوام کا بدترین معاشی اور سماجی استحصال کر رہی ہے، عام آدمی کا گلاگھونٹا جارہا ہے۔ سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے مزدوروں کے پرتشدد احتجاج کا ذمہ دار بی جے پی سرکار کی ناقص پالیسیوں کو قرار دیا۔ سربراہ سماج وادی پارٹی کا کہنا تھا کہ بی جے پی کے حمایتی سرمایہ داروں کی من مانی کے باعث مزدور مناسب تنخواہ سے محروم ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

ایک نئے قانون پر دستخط کر دیے ہیں، جو فوری طور پر نافذ العمل ہوگیا ہے۔ چین کے سرکاری میڈیا کے مطابق یہ نیا قانون 20 شقوں پر مشتمل ہے، جس کا مقصد بیرونی دباؤ اور اقدامات کے خلاف مؤثر ردِعمل دینا ہے۔ اس قانون کے تحت اگر کوئی بھی ملک چین کے معاشی مفادات، شہریوں یا اداروں کے خلاف اقدامات کرتا ہے تو چین کو اس کے جواب میں کارروائی کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔ حکام کے مطابق اس قانون کے تحت ایسے غیر ملکی افراد، کمپنیوں اور اداروں کی ایک خصوصی فہرست بھی تیار کی جائے گی جو چین کے خلاف اقدامات میں ملوث ہوں گے۔ ان افراد یا اداروں کے خلاف مختلف نوعیت کی پابندیاں اور جوابی اقدامات کیے جاسکیں گے۔ ماہرین کے مطابق یہ قانون عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی کشیدگی، تجارتی تنازعات اور سفارتی دباؤ کے تناظر میں چین کی پالیسی کا حصہ ہے، جس کا مقصد اپنے مفادات کا ہر صورت تحفظ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

کی جانب سے پاکستان کے لیے 3 ارب ڈالر اضافی معاونت اور 5 ارب ڈالر کے ڈپازٹ میں توسیع کا اعلان کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے اعلان کیا ہے کہ مملکت سعودی عرب نے پاکستان کے لیے مزید 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹس کی منظوری دے دی ہے، جن کی ادائیگی آئندہ ہفتے متوقع ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے مزید بتایا کہ سعودی عرب کا موجودہ 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا بلکہ اسے طویل مدت کے لیے بڑھا دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ اعلان واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جہاں انہوں نے پاکستان کے لیے سعودی مالی تعاون اور حکومت کی بیرونی فنانسنگ حکمت عملی سے متعلق اہم تفصیلات شیئر کیں۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بتایا کہ یہ مالی معاونت پاکستان کی بیرونی فنانسنگ ضروریات کے لیے نہایت اہم وقت پر فراہم کی گئی ہے، جس سے زرمبادلہ ذخائر کو مضبوط بنانے اور بیرونی کھاتوں کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اپنے اہداف کے مطابق ذخائر کو تقریباً 18 ارب ڈالر تک لے جانے کے لیے پرعزم ہے، جو تقریباً 3.3 ماہ کی درآمدات کے برابر ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے گزشتہ ہفتے 1.4 ارب ڈالر کا یورو بانڈ کامیابی سے واپس کیا، جسے انہوں نے نان ایونٹ قرار دیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تمام بیرونی ادائیگیاں اور واجبات بروقت پورے کرے گی۔ وزیرخزانہ نے بتایا کہ واشنگٹن میں انہوں نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر اور امریکا میں پاکستان کے سفیر کے ہمراہ سعودی وزیرخزانہ محمد بن عبداللہ الجدعان سے تفصیلی ملاقات کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل بھی اسلام آباد میں ملاقات ہوئی تھی، تاہم باضابطہ تصدیق سے قبل حکومت نے اس حوالے سے کوئی عوامی بیان نہیں دیا تھا۔ انہوں نے سعودی قیادت، خصوصا ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، سعودی وزیرخزانہ محمد بن عبداللہ الجدعان اور نائب وزیرخزانہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی مسلسل حمایت اور تعاون قابل تحسین ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے پاکستان کی سیاسی و معاشی قیادت کے کردار کو بھی سراہا۔ انہوں نے وزیراعظم، فیلڈ مارشل، نائب وزیر اعظم، گورنر اسٹیٹ بینک، سیکرٹری خزانہ امداداللہ بوسال اور متعلقہ ٹیموں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت اعتماد اور مثبت تاثر انتہائی اہم ہیں۔ پاکستان کو بین الاقوامی مالیاتی اداروں، آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور سرمایہ کاروں کی جانب سے غیرمعمولی پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔ وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ پاکستان اپنی بیرونی فنانسنگ حکمت عملی کے تحت گلوبل میڈیم ٹرم نوٹ پروگرام اور پانڈا بانڈ کے اجرا پر بھی کام کر رہا ہے تاکہ فنڈنگ کے ذرائع کو متنوع بنایا جا سکے۔ انہوں نے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا کہ وہ معاشی استحکام، بیرونی ذمہ داریوں کی تکمیل، اصلاحات کے تسلسل اور عالمی شراکت داروں کے ساتھ روابط کو برقرار رکھے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

ایران حاوی ہے اور جسے حزب اللہ کہا جاتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ متعدد امور پر بات چیت ہوئی جس میں سب سے اہم طویل المدتی وژن تھا کہ ہمارے درمیان ایک واضح حد سرحد موجود ہوگی۔ اسرائیلی سفیر نے بات چیت کو مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم سب دراصل ایک ہی طرف کھڑے ہیں اور یہی سب سے مثبت ترین نتیجہ ہے جو ہم اس ملاقات سے اخذ کر سکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حزب اللہ اتنی کمزور کبھی نہیں تھی جتنی آج ہے۔ لبنان میں

اسرائیل کی فوجی کارروائیوں نے حزب اللہ کو اس حد تک کمزور کر دیا کہ لبنانی حکومت امن کے ایک نئے دور میں داخل ہوگئی۔ اسرائیلی سفیر نے بتایا کہ فریقین کے درمیان بات چیت تقریباً اڑھائی گھنٹے تک جاری رہی اور امکان ہے کہ جلد ایک مشترکہ بیان جاری کیا جائے گا۔ تاہم امریکا یا لبنان نے تاحال کوئی ردِعمل نہیں دیا اور نہ ہی کوئی مشترکہ بیان تاحال جاری نہیں ہوا ہے۔ دوسری جانب امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر کیتھولک مسیحیوں کے مذہبی پیشوا پوپ لیو کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے، جبکہ اٹلی کی وزیراعظم جارجیا میلونی پر بھی سخت بیانات دیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر ٹرمپ نے اپنے حالیہ بیان میں کہا کہ پوپ لیو کو ایران کے ایٹمی خطرے کے بارے میں کوئی سمجھ نہیں ہے اور انہیں عالمی جنگی معاملات پر تبصرہ نہیں کرنا چاہیے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ پوپ کو عالمی صورتحال کا درست ادراک نہیں۔ صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ مذہبی رہنماؤں کو بین الاقوامی تنازعات پر رائے دینے سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ یہ معاملات انتہائی حساس اور پیچیدہ ہوتے ہیں۔ اسی دوران امریکی صدر نے اٹلی کی وزیراعظم جارجیا میلونی کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ان کے خیالات ناقابل قبول ہیں۔ ٹرمپ کے مطابق میلونی ایران کے ممکنہ ایٹمی خطرے کو سنجیدگی سے نہیں لے رہیں۔ ادھر ایران نے پاکستان کے ذریعے امریکا سے پیغامات کے تبادلے کی تصدیق کردی ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ اب جو بھی مذاکرات ہوں گے، مکمل جنگ بندی کیلئے ہوں گے۔ اپنے بیان میں ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ذریعے امریکا سے پیغامات کا تبادلہ جارہا ہے۔ جنگ بندی کے پہلے مرحلے کے بعد متعدد پیغامات بھیجے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قوی امکان ہے ایران مذاکرات کے تسلسل میں بدھ کو پاکستانی وفد کی میزبانی کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ پاکستان میں مذاکرات کے دوران مکمل جنگ بندی، پابندیاں ہٹانے اور جنگ میں ہونے والے نقصانات کے ازالے پر گفتگو شامل تھی۔ دوسری جانب امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان اعتماد کا فقدان کئی دہائیوں پر محیط ہے، جسے مختصر وقت میں ختم کرنا ممکن نہیں۔ یونیورسٹی آف جارجیا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے مذاکرات ایک طویل عرصے بعد بحال ہوئے ہیں تاہم تقریباً نصف صدی پر محیط بداعتمادی ایک ہی رات میں ختم نہیں کی جاسکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ کسی محدود یا عارضی معاہدے کے بجائے ایک جامع اور دیرپا ڈیل کے خواہاں ہیں، یہی وجہ ہے کہ اب تک حتمی معاہدہ طے نہیں پا سکا۔ جے ڈی وینس نے مزید کہا کہ پاکستان میں ہونے والی بات چیت کے دوران پیشرفت ضرور ہوئی مگر ابھی مکمل معاہدہ طے ہونا باقی ہے۔ ان کے مطابق مجوزہ ڈیل کا بنیادی مقصد یہ ہونا چاہیے کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہ کرے اور خطے میں کسی بھی قسم کی ریاستی سطح کی مداخلت یا دہشتگردی میں ملوث نہ ہو۔ ادھر اسپین کی نائب وزیراعظم یولینڈا ڈیاز نے پوپ لیو کے بارے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تبصروں کو تاریخی غلطی قرار دیا ہے۔ یولینڈا ڈیاز نے میڈریڈ میں غیر ملکی صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے کیتھولک چرچ کے رہنما اور ویٹیکن سٹی کے سربراہ کی بے عزتی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوپ مذہبی رہنما ہیں جو لاکھوں مسیحیوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اسپین کی نائب وزیراعظم نے کہا کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کوئی شخص مذہبی ہے یا نہیں، ایسے تبصرے نامناسب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں ٹرمپ اور پوپ لیو دونوں کے کرداروں کا احترام کرتی ہوں لیکن اگر میں کسی دوسرے ملک کے رہنما کے بارے میں وہی سب کچھ کہوں جو ٹرمپ نے پوپ کے بارے میں کہا تو کون جانے کہ کیا ہوتا ہے؟ یولینڈا ڈیاز نے کہا کہ میں اسپین کے ان وزرا میں شامل ہوں جن پر اسرائیل مخالف بیانات دینے کی وجہ سے اسرائیل میں داخلے پر پابندی عائد کی گئی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

زیادہ قریبی ہم آہنگی پیدا کرنے کا دباؤ ڈال رہی ہیں۔ حکام اسے باقاعدہ اتحاد کہنے سے کترا رہے ہیں تاہم رابطوں کی رفتار اور تعداد یہ ظاہر کرتا ہے کہ 4 ملکی فورم ایک منظم گروپ میں تبدیل ہو رہا ہے جس کا مقصد غیر مستحکم خطے میں نتائج پر اثر انداز ہونا ہے۔ اس حوالے سے حالیہ قدم منگل کو اٹھایا گیا جب ان چاروں ممالک کے اعلیٰ حکام نے اپنے وزرائے خارجہ کے درمیان ہونے والی سابق مشاورت کے تسلسل میں اسلام آباد میں ملاقات کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت ایڈیشنل سیکریٹری خارجہ اور ترجمان سفیر طاہر اندرابی نے کی۔ ترکیہ کے وفد کی سربراہی نائب وزیر خارجہ سفیر موسی کولاکلیکایا نے کی، مصر کی نمائندگی اسسٹنٹ وزیر خارجہ سفیر زینیہ البنگاری نے کی اور سعودی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل شہزادہ ڈاکٹر عبداللہ بن خالد بن سعود الکبیر السعود نے کی۔ اس اجلاس میں اعلیٰ عہدیداروں نے ان تجاویز کو حتمی شکل دی جو ترکیہ کے شہر انطالیہ میں 17 اپریل کو انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر وزرائے خارجہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائیں گی۔ یہ مشاورت بالخصوص ایران اور امریکہ کے حالیہ فوجی تناؤ کے پس منظر میں ہو رہی ہے۔ اس فوجی تناؤ نے سفارتی حساب کتاب بدل کر رکھ دیا ہے اور کشیدگی کے مزید پھیلاؤ کو روکنے کے لیے فوری پس ردہ کوششوں کی ضرورت محسوس کی گئی۔ ان چاروں ملکوں کا وزرائے خارجہ کی سطح پر پہلا اجلاس 19 مارچ کو ریاض میں اس وقت ہوا تھا جب تہران اور واشنگٹن کے درمیان کشیدگی عروج پر تھی۔ محض دس دن بعد وہ دوبارہ اسلام آباد میں جمع ہوئے جو اس اقدام کی فوری ضرورت اور سنجیدگی کو اجاگر کرتا ہے۔ چند ہی دنوں میں انطالیہ میں ایک اور اجلاس طے پانے کے بعد حکام کا کہنا ہے کہ یہ رفتار اس مشترکہ اعتراف کی عکاسی کرتی ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں تیزی سے ابھرتے ہوئے بحرانوں کا جواب دینے کے لیے روایتی سفارتی طریقے اب کافی نہیں رہے۔ سفارتی ذرائع نے دی ایکسپریس ٹریبیون کو بتایا کہ بات چیت کا محور ایک ایسے تعاون پر مبنی فریم ورک کی تشکیل ہے جو تنازعات کی روک تھام، اقتصادی ہم آہنگی اور کلیدی علاقائی مسائل پر سیاسی ہم آہنگی کے گرد گھومتا ہے۔ ایک ذریعے نے بتایا کہ مربوط نقطہ نظر کی ضرورت پر چاروں دارالحکومتوں کے خیالات میں واضح ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ اس گروپ کے ڈھانچے پر ابھی کام ہو رہا ہے، لیکن یہ عارضی مشاورت سے آگے بڑھ رہا ہے۔ دورے کے دوران وفود نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے بھی ملاقات کی جنہوں نے ان برادر ممالک کے درمیان تعاون کو ادارہ جاتی شکل دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ قریبی ہم آہنگی امن، استحکام اور اقتصادی ترقی کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر ایک ایسے وقت میں جب مشرقِ وسطیٰ میں جغرافیائی و سیاسی غیر یقینی کی صورتحال گہری ہو رہی ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ابھرتا ہوا چار فریقی ڈھانچہ کسی باقاعدہ بلاک کے بجائے ایک عملی ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے جس کا محرک علاقائی استحکام، توانائی کی سلامتی اور سفارتی اثر ورسوخ میں مشترکہ مفادات ہیں۔ دریں اثنا ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق حالیہ اجلاس مقصد باہمی تعاون کو مزید فروغ دینا اور مشترکہ حکمت عملی وضع کرنا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

ایک جذباتی اور علامتی اقدام کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق تہران کے معروف تجریش اسکوائر میں مناب اسکول پر حملے میں جاں بحق ہونے والی بچیوں کی تصاویر آویزاں کر دی گئی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق یہ اقدام متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی اور شہدا کو خراج

عقیدت پیش کرنے کے لیے کیا گیا۔ اس موقع پر شہریوں کی بڑی تعداد نے تصاویر دیکھ کر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

ایران جنگ بندی میں توسیع، کشیدگی میں کمی اور امریکا ایران مذاکرات کے تسلسل کے لیے کام کر رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مسائل کے باوجود امریکا ایران مذاکرات کے حوالے سے پرامید ہیں۔ دوسری جانب اپنے ایک بیان میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، مذاکرات کے لیے ہمیشہ تیار ہے۔ ایرانی صدر نے ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا ہے کہ دشمن کی مرضی مسلط کرنے یا سرینڈر پر مجبور کرنے کی کوئی بھی کوشش ناکام ہو گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

ہے کہ ایران کسی بھی صورت جنگ نہیں چاہتا بلکہ مسائل کے حل کے لیے بات چیت کو ترجیح دیتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر امریکا نے اپنی مرضی مسلط کرنے یا ایران کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنے کی کوشش کی تو اسے کامیابی نہیں ملے گی۔ صدر پزشکیان نے شہریوں کو نشانہ بنانے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی قانون اور انسانی اصولوں کے تحت شہریوں، ماہرین، بچوں کو نشانہ بنانے اور اسکولوں و اسپتالوں جیسے اہم مراکز کو تباہ کرنے کا کیا جواز ہے؟ دوسری جانب ایران کے وزیر سائنس حسین سیمائی سراف نے کہا ہے کہ ایران کو ایسے دشمن کا سامنا ہے جو نہ اخلاقیات کا پابند ہے، نہ قانون کا اور نہ کسی نظام کا۔ وہ تہران میں واقع ایرواسپیس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے دورے کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے، جسے 28 فروری کو امریکا اور اسرائیل کے حملوں میں نشانہ بنایا گیا تھا۔ ایرانی میڈیا کی جانب سے جاری ویڈیوز میں عمارت کو پہنچنے والے شدید نقصان کو دکھایا گیا، جبکہ وزیر سائنس کا کہنا تھا کہ ملک میں قائم کوئی بھی تنصیب خطرے سے خالی نہیں ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

بھارتی حمایت یافتہ افغان طالبان نے باجوڑ کے سرحدی علاقے کٹ کوٹ کے گاؤں ملک شاہین میں سول آبادی پر بلااشتعال جارحیت کی جس کے نتیجے میں ایک ہی گھر سے خاتون اور دو بچوں سمیت 3 افراد شہید اور 3 شدید زخمی ہوگئے جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان کچھ روز سے فتنہ الخوارج کے ایک اہم گروپ کو پاکستان میں داخل کرانے کی کوشش کر رہے تھے، پاک فوج کی بروقت کارروائی کی وجہ سے فتنہ الخوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق اس ناکامی سے مایوس افغان طالبان نے آج کٹ کوٹ میں پاکستان کی سول آبادی کو نشانہ بناڈالا، پاک فوج نے فوری جوابی کارروائی میں افغانستان سے فائر کرنے والی گن پوزیشن کو مکمل تباہ کردیا، پاک فوج کی کارروائی میں باجوڑ سے ملحقہ تمام افغان طالبان پوسٹوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے جس سے افغان طالبان کو بھاری جانی نقصان ہوا۔ باجوڑ کے مکینوں نے اس بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

سے وضاحت سامنے آگئی۔ ترجمان پاور ڈویژن نے بجلی کی صورتحال پر بیان جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گزشتہ رات کے اوقات میں پن بجلی کی پیداوار میں 1991 میگاواٹ کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ پن بجلی کی کم پیداوار کے باعث بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے اعلانیہ سے کچھ زیادہ لوڈ مینجمنٹ کی، جبکہ گزشتہ رات پیک ٹائم میں تقریباً 4500 میگاواٹ کا شارٹ فال رہا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ پن بجلی میں کمی کی وجہ ملک کے ڈیموں سے صوبوں کی جانب پانی کے اخراج کی کم ڈیمانڈ ہے۔ اس وقت صوبوں کو ڈیموں سے پانی ارسا طلب کے مطابق ریلیز کر رہا ہے جو کہ گزشتہ سال کی نسبت بہت کم ہے۔ مزید یہ کہ بارشوں اور فصلوں کی کٹائی کی بدولت پانی کا اخراج کم ہے۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ رات پیک آورز کے دوران مجموعی ڈیمانڈ 18000 میگاواٹ رہی۔ آنے والے چند دنوں میں ڈیموں سے پانی کے اخراج میں اضافے کا امکان ہے، جس سے بجلی کی پیداوار بھی بڑھے گی۔ ترجمان نے واضح کیا کہ صرف رات کے اوقات میں ہی لوڈ مینجمنٹ کا شیڈول ترتیب دیا گیا ہے۔ دن کے اوقات میں کسی بھی قسم کا شارٹ فال نہیں ہوتا۔ انہوں نے بتایا کہ آر ایل این جی کی دستیابی سے بھی صورتحال میں بہتری آئے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

آن لائن ادائیگی کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ سیف سٹی کا کہنا ہے کہ اگر "9915" سے آنے والے کسی بھی مشکوک میسج میں لنک یا بینک معلومات طلب کی جائیں تو شہری فوری احتیاط برتیں۔ ترجمان کے مطابق جعلساز مختلف نمبرز سے ای چالان کے نام پر لنکس بھیج کر شہریوں سے بینک اور کارڈ کی معلومات حاصل کرکے رقم لوٹ رہے ہیں، جبکہ سیف سٹی کبھی بھی ایس ایم ایس کے ذریعے ادائیگی یا مالی معلومات طلب نہیں کرتا۔ سیف سٹی نے ڈیجیٹل فراڈ کے تدارک کے لیے تمام سروس پرووائیڈرز کو بھی آگاہ کردیا ہے اور جعلی ویب سائٹس بنانے والوں کے خلاف قانونی کارروائیاں تیز کردی گئی ہیں۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ مشکوک لنکس پر کلک کرنے اور غیر مصدقہ ویب سائٹس پر ادائیگی سے گریز کریں، جبکہ ای چالان کی تصدیق آفیشل ویب سائٹ اور ادائیگی صرف e-Pay پنجاب ایپ کے ذریعے PSID بنا کر کریں۔ ای چالان سے متعلق معلومات کے لیے شہری ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے آپشن 6 بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سیف سٹی کے مطابق شہریوں کو نوسرباز مافیا سے محفوظ رکھنے کے لیے ادارہ ہمہ وقت متحرک ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

تمام اہم بحری گذرگاہوں کو بند کر کے کسی بھی جہاز کو گزرنے نہیں دیں گے۔ ایران کے خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹر کے کمانڈر علی عبداللہی نے کہا ہے کہ اگر امریکا ایران کے تجارتی جہازوں اور تیل بردار ٹینکروں کو روکے گا تو یہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کا آغاز ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ واضح رہے کہ کراچی میں میٹرک کے امتحانات کا آغاز 10 اپریل سے ہوا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز کراچی میں دسویں جماعت کا حیاتیات کا پرچہ بھی آدھا گھنٹہ قبل آؤٹ ہوگیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

قابض مافیا کے خلاف بڑا اور فیصلہ کن کریک ڈاؤن کیا گیا، جس میں قانون کی دھجیاں اڑانے والوں کو کھلا پیغام دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق، حسین ڈی سلوا روڈ پر واٹس چیئرمین سلمان گلفام کی نشاندہی پر ہونے والے اس آپریشن کے دوران آٹھ سے زائد ناجائز دکانوں کو بھاری مشینری کے ذریعے مسمار کر دیا گیا، جبکہ کئی دیگر غیر قانونی ڈھانچوں کو بھی منہدم کر کے قبضہ مافیا کی کمر توڑ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ان غیر قانونی تجاوزات کی وجہ سے اس سڑک پر اکثر شدید ٹریفک جام رہتا تھا، جس سے شہریوں کو روزانہ کی بنیاد پر اذیت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ ایمبولینس اور دیگر ہنگامی سروسز کو بھی گزرنے میں مشکلات پیش آتی تھیں، تاہم اس آپریشن کے بعد ٹریفک کی روانی میں واضح بہتری کی توقع کی جا رہی ہے۔ ٹی ایم سی انچارج شاہنواز کا کہنا تھا کہ یہ صرف شروعات ہے، قبضہ مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ جبکہ ٹاؤن چیئرمین منصور شیخ نے

ڈوٹوک انداز میں کہا کہ عوامی مفاد کے خلاف کام کرنے والوں کے لیے شہر میں کوئی جگہ نہیں، ہر غیر قانونی تعمیر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ شہریوں نے اس سخت کارروائی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے بے رحم آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ کراچی کو قبضہ مافیا کے چنگل سے مکمل طور پر آزاد کروایا جاسکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن نے انکشاف کیا ہے کہ انڈمان کے قریب سمندر میں ایک کشتی ڈوبنے کے بعد خواتین اور بچوں سمیت تقریباً 250 افراد لاپتہ ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق یہ کشتی بنگلا دیش کے علاقے ٹیکناف سے روانہ ہوئی تھی اور ملائیشیا جا رہی تھی، کشتی تیز ہواں، خراب سمندری حالات اور حد سے زیادہ افراد سوار ہونے کے باعث ڈوب گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

زور پر امام مسجد سے ان کی نئی موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا، مدعی مقدمہ سعید حسن کے مطابق وہ گلشن حدید کے رہائشی ہیں اور مقامی مسجد میں امام ہیں۔ مدعی مقدمہ نے بتایا کہ 14 اپریل کو مغرب کی نماز پڑھا کر گھر جا رہے تھے کہ اس دوران دو نامعلوم ملزمان پیدل آئے اور اسلحہ کے زور پر نئی موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی لے کر فرار ہو گئے۔ ایس ایچ او اسٹیل ٹاؤن گلزار علی تنیو نے بتایا کہ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز، اے آئی جی جینڈر بیسڈ وائلنس اینڈ ہیومن رائٹس، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے وائس چیئرپرسن سندھ قاضی خضر، کونسل ممبر سندھ سہیل سانگی، کونسل ممبر سعدیہ بلوچ اور ریجنل کوآرڈینیٹر سندھ ندا تنویر بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران صوبہ سندھ میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، انسانی حقوق کے تحفظ، قانون کی حکمرانی، پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کے فروغ اور باہمی تعاون کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے صوبے میں امن وامان کے قیام اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے سندھ پولیس کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انسانی حقوق، بالخصوص خواتین اور بچوں کے حقوق کے تحفظ، سول سوسائٹی کے ساتھ تعاون اور آزادی اظہار رائے کے حوالے سے سندھ پولیس نے دیگر صوبوں کے مقابلے میں نمایاں اور مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ سندھ پولیس کے انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے مثبت اقدامات کو مزید اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوامی اعتماد میں اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ عمرکوٹ واقعہ پر بروقت ایکشن، میرپورخاص میں میڈیکل طالبہ کے کیس میں فوری پیش رفت اور خیرپور میں غیرت کے نام پر خاتون کے قتل کے واقعے پر مؤثر کارروائی انسانی حقوق کے تحفظ کی عملی مثالیں ہیں۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ پولیسنگ کے نظام میں شفافیت، جوابدہی اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے ہیومن رائٹس کمیشن جیسے اداروں کے ساتھ تعاون نہایت اہم ہے۔ انسانی حقوق کی خلاف ورزی سے متعلق موصول ہونے والی شکایات پر نہ صرف فوری کارروائی کی جاتی ہے بلکہ سنجیدہ اور مؤثر قانونی اقدامات کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں اداروں کے مابین مستقل باہمی تعاون، تربیتی سیشنز کے انعقاد اور مؤثر حکمت عملی کی تشکیل کے لیے اشتراکِ عمل کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ وفد نے آئی جی سندھ کو ہیومن رائٹس کمیشن کی جاری کردہ 2024 کی رپورٹ بھی پیش کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

کی وجہ سے بہن بھائی کھانا کھانے باہر گئے تھے۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ ناظم آباد سے سائٹ جانے والے روڈ پر سیوریج کی وجہ سے سڑک پر گڑھا پڑ گیا تھا، واپس آتے ہوئے رات کو اندھیرے کی وجہ سے بچوں کی موٹر سائیکل بے قابو ہو کر گڑھے میں جاگری۔ حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل اور اس پر سوار نوجوان الٹے ہاتھ پر جبکہ موٹر سائیکل پر سوار دونوں بہنیں سیدھے ہاتھ پر گریں اور ہیوی وہیکل کے پچھلے پہیوں کے نیچے آکر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئیں۔ لوگوں نے بتایا کہ حادثے کے بعد انتظامیہ کے لوگ آئے جنہوں نے پہلے گڑھا بند کیا اس کے بعد راتوں رات سڑک بھی بنا دی تاہم سیوریج کا پانی ہونے کی وجہ سے نئی بنی سڑک پھر خراب ہو رہی تھی۔ علاقہ مکینوں نے مزید بتایا کہ پورے علاقے میں شاہراہوں، سروس روڈز اور گلیوں میں گڑھے پڑ چکے ہیں اور انتظامیہ غائب ہے جب کہ آئے دن اس طرح کے حادثات سامنے آرہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

کارروائی کرتے ہوئے تھانہ بن قاسم پولیس نے بروقت اقدام کر کے دو ملزمان کو حراست میں لیا، جن کی شناخت خرم ولد بشیر احمد اور محمد یاسین کے ناموں سے ہوئی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 24 کلو سے زائد کا پر برآمد کیا گیا جبکہ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ وہ اسٹیل مل سے اسکریپ چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہے ہیں اور چوری شدہ سامان مختلف گوداموں میں فروخت کرتے تھے۔ حکام کے مطابق گرفتار ملزمان پہلے سے پولیس کو مطلوب تھے اور ان کے نام مطلوب افراد کی فہرست میں شامل تھے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ دیگر ملوث افراد کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

کی جانب سے جاری سفارتی سرگرمیوں کے نتیجے کے طور پر مذاکرات کے دوسرے مرحلے سے متعلق مثبت توقعات سامنے آ رہی ہیں۔ اس حوالے سے ماہرین اور سابق سفارتکاروں نے امکان ظاہر کیا ہے کہ اگر بات چیت کامیاب رہی تو یہ پیش رفت ایک بڑے معاہدے کی صورت اختیار کر سکتی ہے۔ چیئرمین پاکستان چائنا انسٹیٹیوٹ مشاہد حسین سید نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر مذاکرات کامیابی سے ہمکنار ہوئے تو ڈونلڈ ٹرمپ خود معاہدے پر دستخط کرنے کے لیے پاکستان آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر یہ ذمہ داری کسی اور کو نہیں سونپیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس ممکنہ پیش رفت کی صورت میں ایران کے صدر مسعود پزشکیان کی پاکستان آمد بھی متوقع ہوسکتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

مومن آباد پولیس نے اتحاد کالونی اور نئی ٹاؤن سے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کی شناخت شعیب ولد فضل کمال کے نام سے کی گئی جبکہ دوسرے گرفتار ملزم نے اپنا نام محمد عباسی ولد محمد فضل بتایا۔ گرفتار ملزمان سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فونز، کیش رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

نے دوران گشت رکشا گینگ کے 2 کارندوں کو گرفتار کرلیا، ترجمان ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت شاہ میر خان ولد شمروز خان اور سلمان ولد سکندر کے ناموں سے کی گئی۔ گرفتار ملزمان سے ایک عدد 9 ایم ایم پستول بمع گولیاں اور وارداتوں میں استعمال کیا جانے والا رکشا برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان رکشے میں ڈکیتی کی

وارداتیں کرتے تھے، ملزمان رکشے میں شہریوں کو بٹھا کر انہیں لوٹ لیتے تھے، گرفتار ملزمان اس سے قبل بھی مختلف وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔ صدر پولیس نے اسلحہ کی نمائش اور عارضی رہائشی ایکٹ کی خلاف ورزی کے الزام میں 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایس ایس پی ساؤتھ مہر ورعلی کے مطابق اسلحے کی نمائش کرنے والے ملزم محمد عمران ولد محمد ریاض کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے ایک 9 ایم ایم پستول بمعہ 10 راؤنڈ برآمد کر لیے گئے۔ عارضی رہائش ایکٹ کی خلاف ورزی پر دو ملزمان محمد اویس ولد راشد اور محمد اسماعیل ولد اللہ دین کو بھی گرفتار کیا گیا، تمام ملزمان کے خلاف تھانہ صدر میں مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔ دوسری جانب پاکستان رینجرز (سندھ) نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے اسٹیل ٹاؤن سے ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث "عامری گینگ" سے تعلق رکھنے والے 2 ملزمان علی محمد ولد مرید اور واجد علی عرف واجا ولد محمد ایوب کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1 عدد موٹر سائیکل (بغیر کاغذات)، 1 عدد موبائل فون اور نقدی برآمد کر لی گئی۔ ملزمان اپنے گینگ کے ساتھیوں کے ہمراہ کراچی کے علاقے اسٹیل ٹاؤن، گلشن حدید اور ملحقہ علاقوں میں اسلحے کے زور پر موٹر سائیکلز، موبائل فونز اور نقدی چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

سفارش کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائی کے دوران گرفتار سی ٹی ڈی اہلکار تاج محمد سے لائسنس یافتہ اسلحہ اور گولیاں بھی ملی ہیں۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق ملزم سے ملنے والا اسلحہ بھی دیگر برآمدگی کے ساتھ ایف آئی اے کے حوالے کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزم نے دوران تفتیش بتایا کہ وہ کوئٹہ ایئرپورٹ روڈ کے قریب غازی خان نامی شخص سے ایرانی کرنسی لیتا تھا۔ ملزم کوئٹہ سے ایرانی کرنسی لاکر سہراب گوٹھ پر نامعلوم شخص کے حوالے کرتا تھا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ کے مطابق سی ٹی ڈی کوئٹہ کے اہلکار کو ایک بار میں کرنسی کی بین الصوبائی اسمگلنگ میں 2 لاکھ روپے ملتے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

دنوں میں ہزاروں فوجی مشرق وسطیٰ بھیجے گا۔ امریکی اخبار کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کا خطہ میں ہزاروں فوجی بھیجنے کا مقصد ایران پر معاہدہ کرنے کے لیے دباؤ ڈالنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خطے کی جانب بھیجی جانے والی افواج میں تقریباً 6 ہزار فوجی شامل ہیں۔ امریکی اخبار کے مطابق باکسر ایمفیبیئس گروپ اور میرینز کی جانب سے رواں مہینے کے آخر تک تقریباً 4 ہزار 200 فوجیوں کی آمد متوقع ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا اس بات پر غور کر رہا ہے کہ

بقیہ روزنامہ تشکر 26

کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق ٹنڈومستی میں غیرت کے نام پر مبینہ طور پر 'کارنہن' (غیرت) کے نام پر 18 سالہ روبینہ کو سرعام گولی ماردی گئی، ماموں اور کزن نے روبینہ کی زندگی کا چراغ گل کر دیا۔ مقتولہ روبینہ شادی شدہ تھی، قتل کے محرکات کی تحقیقات جاری ہیں۔ بعدازاں خیرپور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو واردات میں استعمال ہونے والے اسلحے سمیت گرفتار کرلیا۔ صوبائی وزیر ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی نے کہا کہ غیرت کے نام پر خاتون کو بے دردی سے قتل کیا جانا انتہائی افسوسناک و قابل مذمت ہے، افسوسناک واقعے میں علاقہ مکینوں کی جانب سے خاموش تماشائی کا کردار بھی قابل افسوس ہے۔ شاہینہ شیر علی نے ڈی آئی جی سکھر سے واقعے سے متعلق تفصیلی رپورٹ طلب کرلی، انہوں نے ہدایت دی کہ واقعے میں ملوث مجرم کسی رعایت کے مستحق نہیں، سخت کارروائی کی جائے، حکومت سندھ نے خواتین کے فوری تحفظ کے لیے سیف ہاسز و دارالامان قائم کیے ہیں۔ شاہینہ شیر علی نے کہا کہ گھریلو وصنفی تشدد کی شکار خواتین خود کو تنہا نہ سمجھیں، خواتین کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کے پیش نظر محکمہ ترقی نسواں سندھ کے ہیلپ لائن نمبر 1094 یا دفتر سے رابطہ کریں۔ سندھ میں غیرت کے نام پر قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات پر سماجی حلقوں نے شدید غم وغصہ کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

2026 کا آغاز تو ہوگیا ہے، لیکن مضافاتی علاقوں کے امتحانی مراکز میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے امیدواروں کا امتحان مزید مشکل بنا دیا ہے۔ لانڈھی اور گردونواح کے اسکولوں میں بجلی نہ ہونے کے باعث طلبہ شدید گرمی اور حبس میں پرچے حل کرنے پر مجبور ہیں۔ ٹاؤن ایجوکیشن آفیسر اور اسکول انتظامیہ نے گورنمنٹ بوائز اینڈ گرلز سیکنڈری اسکول خلدآباد، لانڈھی کی سنگین صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ٹاؤن ایجوکیشن آفیسر کا کہنا تھا کہ سینٹر پر 1200 سے زائد امیدوار موجود ہیں، جبکہ اضافی 300 طلبہ کی آمد نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ اسکول پرنسپل نے کہا کہ امتحانی سینٹر پر صبح ساڑھے 8 سے ساڑھے 12 بجے تک (جو کہ عین پرچے کا وقت ہے) معمول کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ امتحان دینے والے طلبہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شکایات کے انبار لگا دیے اور کہا پنکھے بند ہونے کی وجہ سے پسینہ اس قدر آتا ہے کہ جوابی کاپیاں گیلی ہو کر خراب ہو رہی ہیں۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق کے الیکٹرک حکام کو متعدد بار خطوط لکھے گئے اور آگاہ کیا گیا کہ امتحانی مراکز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، لیکن تاحال کوئی عملدرآمد نہیں ہوا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

صورتحال اور باہمی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ پر زور دیا اور مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال پر غور کرتے ہوئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا اور اقتصادی، تجارتی اور سفارتی تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ خطے میں پائیدار امن، استحکام اور ترقی کے لیے تعاون جاری رکھنے کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

گیا، جس کے نتیجے میں 4 افراد شہید ہوئے، جن میں ایک 3 سالہ بچہ بھی شامل تھا۔ غزہ کی وزارت داخلہ نے تصدیق کی کہ اسرائیلی جنگی طیاروں نے شہر کے مرکزی علاقے میں پولیس گاڑی پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے جبکہ ایک پولیس اہلکار کی شہادت بھی رپورٹ ہوئی۔ شمالی علاقے بیت لاہیا میں اسرائیلی فائرنگ سے ایک شہری شہید ہوا، جبکہ شام کے وقت غزہ سٹی کے شاطی پناہ گزین کیمپ کے قریب ایک چوک پر ڈرون حملہ کیا گیا، جس میں کئی افراد نشانہ بنے۔ الشفا اسپتال کے مطابق شاطی کیمپ میں ہونے والے ڈرون حملے کے بعد 5 لاشیں اسپتال منتقل کی گئیں۔ ماہرین کے مطابق مسلسل حملوں سے نہ صرف جنگ بندی کی ساکھ متاثر ہو رہی ہے بلکہ انسانی بحران بھی مزید شدت اختیار کر رہا ہے۔ دوسری جانب اسرائیل کی لبنان میں جارحیت بھی جاری ہے۔ جنوبی علاقوں میں فضائی اور ڈرون حملوں میں 9 افراد جاں بحق ہو گئے۔ لبنانی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق 5 افراد جنوبی لبنان کے قصبے انصاریہ جبکہ 4 قدمس کے علاقے میں اسرائیلی حملوں کا نشانہ بنے۔ اسرائیلی فوج نے دریائے زہرانی کے رہائشیوں کو علاقہ خالی کرنے کی وارننگ بھی جاری کر دی ہے۔ حزب اللہ نے دعوی کیا ہے کہ شمالی اسرائیل کے علاقوں میٹولا، کفرگیلادی اور کریات شمونا پر مقامی وقت کے مطابق صبح 8 بجے راکٹ حملے کیے۔ عرب میڈیا کے مطابق حزب اللہ نے 1 گھنٹے کے دوران 40 راکٹ داغے۔ اسرائیلی فضائیہ نے جنوبی لبنان کے مزید

کئی علاقوں کو بھی نشانہ بنایا، جن میں بنت جبیل، محمودیہ، مجدل، قلیلہ، زبقین اور یاطر شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایک اسرائیلی ڈرون نے صیدا کے ضلع میں واقع البلیبہ کے علاقے کو نشانہ بنایا، جبکہ ایک اور فضائی حملہ قلیلہ میں کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

کرانے کے لیے مہلت کی استدعا کی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ کمشنر کراچی کو دودھ کی قیمتوں کے تعین کا اختیار حاصل ہے۔ وکیل نے بتایا کہ صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بنیاد بنا کر دکانیں سیل کی جارہی ہیں، جب تک سرکاری جواب جمع نہیں ہوتا دکانداروں کے خلاف کارروائی اور دکانیں سیل کرنے سے روکا جائے۔ عدالت نے وکیل درخواست گزار سے مکالمہ کرتے ہوئے سوال کیا کہ کیا آپ نے کبھی دکان سے دودھ خرید کر استعمال کیا ہے؟ عدالت نے ریمارکس دیے کہ بھینس کا دودھ استعمال کریں تو فرق معلوم ہو جائے گا اور کراچی میں دستیاب دودھ میں ویسے ہی ملاوٹ ہوتی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت میں کہا کہ اگر حکومت درست ریٹ طے نہیں کرے گی تو دکاندار مجبوراً ملاوٹ کریں گے۔ دودھ کو ابالنے پر ملاوٹ کا پتا چل جاتا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری بلدیات اور ایف ڈبلیو او کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاق کے اشتراک سے جاری منصوبوں کی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر بلدیات نے ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کو وقت مقررہ پر مکمل کرکے عوام کو جلد از جلد ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کی تکمیل سے ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی جس سے عوام کا وقت اور ایندھن کی بچت ہوگی۔ تمام منصوبوں میں معیار اور شفافیت کا خاص خیال رکھا جا رہا ہے۔ میگا پروجیکٹس میں ایف ڈبلیو او کے تجربے سے فائدہ اٹھایا جا رہا ہے اور شہر کی تعمیر و ترقی میں فورسز کا تعاون مثالی ہے۔ تمام منصوبے یوٹیلیٹیز اداروں کے باہمی کوآرڈینیشن سے جاری ہیں۔ شہر کے ترقیاتی منصوبوں میں وفاقی اداروں کا تعاون درکار ہے۔ وفاقی اداروں کی جانب سے درپیش حالات مسائل کے حل کے لیے وزیر اعلیٰ سے بات کی جائے گی اور ہر سطح پر مشاورت کی جائے گی۔ اجلاس میں فلائی اوورز اور انڈر پاسز کے حوالے سے بھی غور کیا گیا۔ شہر کی اہم اور مصروف سڑکوں پر برج اور انڈر پاسز تعمیر کیے جائیں گے جن سے ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تمام وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان باہمی مشاورت اور کوآرڈینیشن نہایت ضروری ہے۔ منصوبوں میں پائی جانے والی تمام تجاوزات کا فوری خاتمہ کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

مقدم کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی چینی قونصل جنرل سے ملاقات ہوئی جس میں پاک چین دوطرفہ تعاون، چینی سرمایہ کاروں کو سہولتوں کی فراہمی اور سیکیورٹی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ نے پاکستان میں چینی شہریوں کی حفاظت کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے چینی بزنس مینوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ چین کے بزنس مینوں کے مسائل کے حل کے لیے جلد اسلام آباد میں کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی قونصل جنرل اور کراچی کے چینی بزنس مینوں کو اسلام آباد کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ چینی سرمایہ کار پاکستان کی تعمیرو ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، چینی سرمایہ کاروں کو ہر سطح پر سہولتیں مہیا کی جائیں گی۔ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں زیادہ سے زیادہ چینی سرمایہ کاری کریں، چینی بزنس مینوں کو بزنس فرینڈلی ماحول کی فراہمی ترجیح ہے۔ چینی قونصل جنرل نے پاک چین دوطرفہ تعاون بڑھانے کے لیے متحرک کردار پر وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ چینی قونصل جنرل نے سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

پاک فوج کے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پشاور گیریژن میں پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ پشاور آمد پر شہدا کے لواحقین نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی، تقریب میں کور کمانڈر پشاور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور شہدا کے لواحقین سے فرداً فرداً ملاقات کی۔ کور کمانڈر نے سوگوار خاندانوں کے بلند حوصلے کو سراہا اور شہدا کی پاکستان کے لئے عظیم قربانیوں کو سراہا، تقریب کے دوران شہدا کے کارناموں اور ملک وملت کیلئے دی جانے والی قربانیوں پر مبنی خصوصی ویڈیوز دکھائی گئیں۔ ان دستاویزی فلموں کے ذریعے شہدا کی پیشہ ورانہ مہارت اور وطن سے محبت کے بے مثال جذبے کو اجاگر کیا گیا، تقریب کے اختتام پر کور کمانڈر نے شہدا کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا اور تقریب میں شرکت پر لواحقین کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

اچکزئی اور سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجا ناصر عباس سے اختیارات واپس لینے کا پلان تیار کرلیا ہے اور ایوان سے استعفے دینے پر غور کیا جارہا ہے۔ ایکسپریس نیوز کو ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی قیادت اسمبلی سے استعفے دینے پر غور کررہی ہے اور اس سلسلے میں پی ٹی آئی کی قیادت نے محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس سے اختیارات واپس لینے کا بھی پلان تیار کرلیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی قیادت میں اپوزیشن اتحاد سے علیحدگی کے لیے ٹیم تیار کرلی گئی ہے اور رکن قومی اسمبلی شاہد خٹک نے ایک اجلاس میں اپوزیشن اتحاد کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اب یہ بہانے نہیں چلیں گے اور ہمیں ذمہ داری لینی ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

کو معطل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین میٹرک بورڈ غلام حسین سوہو نے ہائی پاور ویجیلنس کمیٹی کے ہمراہ گورنمنٹ سیکنڈری اسکول نمبر 1، پی ای سی ایچ ایس کا اچانک دورہ کیا اور بدانتظامی پر سخت ایکشن لیا۔ چیئرمین میٹرک بورڈ نے بتایا کہ مذکورہ سینٹر کے حوالے سے اساتذہ اور والدین کی جانب سے مسلسل شکایات موصول ہو رہی تھیں، ان شکایات میں یہ سنگین انکشاف کیا گیا تھا کہ امتحانی مرکز میں پیسوں کے عوض نقل کرائی جارہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

رہنما اور سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے مافیا کو اربوں کا فائدہ پہنچا۔ اسلام آباد سلمان اکرم راجا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں محمد زبیر نے کہا کہ مافیا کے پاس پہلے سے پیٹرول پرانی قیمت میں دستیاب تھا، ایران امریکا جنگ سے ہمیں اندازہ تھا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت کے بڑھنے سے مافیا کو اربوں کا فائدہ پہنچا، مافیا نے 60 سے 65 ڈالر فی بیرل خرید کر 80 سے 85 ڈالر فی بیرل فروخت کیا۔ سابق گورنر سندھ نے مزید کہا کہ 3 ہفتوں میں پیٹرول کہ قیمت انتہائی درجے پر پہنچ گئی، ہم نے بطور اپوزیشن اس پر بھرپور آواز اٹھائی۔ پیٹرول کے ساتھ ڈیزل کی قیمت میں بھی بڑا اضافہ ہوا، جو ڈیزل یہاں ریفائن ہوتا ہے، اس پر بھی بین الاقوامی قیمت لگائی گئی۔ اپوزیشن اتحاد کے رہنما نے یہ بھی کہا کہ عوام کو جواب دیں کس وزیر مشیر کے کہنے پر یہ فیصلے لیے گئے، سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ اس

وقت معاشی حالات نہایت گھمبیر ہیں، عام غریب آدمی کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، بطور اپوزیشن پارٹیز حقیقت عوام کے سامنے لانا ہمارا فرض ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور شمالی وزیرستان میں امن و خوشحالی کے لیے قبائلی عمائدین اور مشران کے کلیدی کردار کو سراہا، جرگے میں عوام و ریاستی اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور علاقے کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ شرکا کو علاقے میں سرگرم دہشت گرد عناصر کی جانب سے امن کو نقصان پہنچانے کی کوششوں سے آگاہ کیا گیا، افغانستان کے ساتھ سرحدی صورتحال اور اس کے علاقے پر اثرات کے متعلق گفتگو بھی کی گئی۔ قبائلی عمائدین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امن، برداشت، حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

فیصلہ کرتے ہوئے شہریار چشتی کو نیا چیئرمین مقرر کردیا ہے۔ شہریار چشتی کی تقرری کا فیصلہ 15 اپریل کے بورڈ اجلاس میں کیا گیا جب کہ 2 اپریل کو ہونے والی ای جی ایم کے بعد چیئرمین کے تقرر کا عمل مکمل کیا گیا۔ بورڈ کی جانب سے ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کو بھی اس فیصلے سے آگاہ کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے جب کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو بھی باضابطہ طور پر آگاہ کردیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل کے الیکٹرک بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شہریار چشتی کو عبوری چیئرمین مقرر کیا تھا جب کہ غیرملکی چیئرمین مارک اسکلیٹن کے استعفے کے بعد یہ ذمہ داریاں سونپی گئی تھیں۔ شہریار چشتی اس سے قبل بطور متبادل ڈائریکٹر خدمات انجام دے چکے ہیں جس کے بعد انہیں عارضی طور پر چیئرمین کے اختیارات دیے گئے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

مسلم حکمران ایک نہ ہوئے تو استعمال ہوتے رہیں گے اور اپنے وسائل سے بھی محروم ہوں گے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق ایرانی سفیر رضا امیری مقدم کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد کی مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ آمد ہوئی جہاں دونوں شخصیات کے درمیان اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں حالیہ امریکہ ایران جنگ کے اثرات، مضمرات سمیت اہم امور پر تفصیلی نشست ہوئی۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ ایران امریکہ جنگ کے بارے میں مولانا فضل الرحمان کے جاندار موقف پر ایرانی قوم کی طرف سے شکریہ ادا کرنے آیا ہوں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

سے متصادم ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کو جماعت اسلامی نے چیلنج کیا ہے، پنجاب حکومت کا یہ ایکٹ آئین سے متصادم ہے، نچلی سطح پر اختیارات منتقل نہ ہونے کی وجہ سے لوگ صوبوں کی بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایسا ایکٹ لیکر آئی ہے، جس میں اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں ہوتے، اس ایکٹ کے مطابق عوام براہ راست اپنا چیئرمین منتخب نہیں کرسکتے، یہ پنجاب حکومت کا غیر جمہوری اقدام ہے، یوسی کا چیئرمین پندرہ بیس ہزار آبادی کی نمائندگی کرتا ہے، چیئرمین منتخب کرنے کا اختیار اس یوسی کی عوام کے پاس نہ ہونا قابل افسوس ہے، یہ پیسوں کی منڈیاں لگانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ جیسی پارٹیاں آبائی پارٹیوں کی طرح چلتی ہیں، ان کے گھر پیدا ہونے والا بچہ بھی اس پارٹی کا مالک ہوتا ہے، یہ اپنی پارٹی کے بندے کو آگے نہیں آنے دیتے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے ہے، پاکستان میں 49 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت ہے، یہ عوام کو دیگر مسائل میں مبتلا کر کے اصل مسائل سے توجہ ہٹانے چاہتے ہیں۔ قبل ازیں لاہور ہائیکورٹ میں پنجاب میں غیر جماعتی بنیادوں پر بلدیاتی انتخابات کے خلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی، جسٹس سلطان تنویر نے جماعت اسلامی، پی ٹی آئی سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کے وکیل کو ہدایت لیکر پیش ہونے کا حکم دے دیا، پنجاب حکومت کے وکیل نے عدالت میں بتایا کہ بلدیاتی انتخابات میں کسی سیاسی جماعت سے امتیازی سلوک نہیں ہوگا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا چیئرمین اور وائس چیئرمین کا الیکشن براہ راست ہوگا، پنجاب حکومت کے وکیل نے کہا کہ سینیٹ اور اسپیکر کا الیکشن بھی ان ڈائریکٹ ہوتا ہے، منتخب نمائندے ہی اپنا سرپرست چنتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

اجلاس منعقد کیا، جس کی صدارت صوبائی وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاالحسن لنجار نے کی۔ اجلاس میں شہریوں، تاجر برادری اور کاروباری طبقے کو لینڈ گریبرز، قبضہ مافیا اور غیر قانونی تجاوزات سے نجات دلانے کے لیے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ اداروں کی جانب سے پیش رفت رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا گیا کہ مجموعی طور پر 23 کیسز کمیٹی کے سامنے زیرغور لائے گئے تھے، جن میں سے 4 کیسز کامیابی سے حل کیے جا چکے ہیں، جبکہ باقی ماندہ کیسز پر پوائنٹ ٹو پوائنٹ تفصیلی غور کیا گیا اور ان کے جلد از جلد حل کے لیے ہدایات جاری کی گئیں۔ صوبائی وزیر داخلہ ضیاالحسن لنجار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کمیٹی کے قیام کا بنیادی مقصد تاجر برادری، سرمایہ کاروں اور عوام کو قبضہ مافیا اور لینڈ گریبرز سے نجات دلانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جو معاملات قبضے کے زمرے میں آتے ہیں، ان پر فوری طور پر مقدمات درج کیے جائیں اور ملوث عناصر کی گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ قبضہ مافیا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، کیونکہ یہ عناصر نہ صرف شہریوں کے حقوق غصب کرتے ہیں بلکہ صوبے کی معاشی ترقی کے لیے بھی ناسور ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت سندھ کی اولین ترجیح تاجر برادری کے مسائل کا حل، سرمایہ کاری کا تحفظ اور کاروباری ماحول کو سازگار بنانا ہے۔ وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے مزید کہا کہ یہ کمیٹی تاجروں اور شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے قائم کی گئی ہے، اور اس کے قیام کی ہدایت چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے احکامات کے تحت دی گئی تھی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت سندھ تاجر برادری کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے۔ سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کے روبرو لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ پولیس حکام نے رپورٹ پیش کی۔ عدالت نے پولیس رپورٹس پر اظہارِ برہمی کیا۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ گمشدہ افراد کا سراغ لگانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے۔ عدالت نے منگھوپیر کے علاقے سے لاپتا شہری کمال خان سمیت دیگر سے متعلق 14 مئی کو پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔ پولیس رپورٹ میں کہا گیا کہ لاپتا شہری الیاس گھر پہنچ گیا ہے۔ عدالت نے لاپتا شہری الیاس کی گھر واپسی پر بازیابی سے متعلق درخواست نمٹادی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

رجیم کی لاپروائی سے خطے میں موذی وبا کے پھیلنے کا خدشہ ہے، جس پر عالمی ادارے نے خطرے کی گھنٹی بجا دی۔ افغان میڈیا خامہ پریس کے مطابق یونیسف نے افغانستان میں پولیو کے پھیلا پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انسداد پولیو مہم تیز کرنے پر زور دیا۔ یونیسف کے

مطابق افغانستان میں 5 سال سے کم عمر کے ہر بچے کے لیے پولیو ویکسینیشن انتہائی ضروری ہے۔ افغانستان میں صحت کے اداروں کو بدامنی، سیکیورٹی مسائل اور دور دراز علاقوں تک رسائی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ماہرین کے مطابق طالبان کی سخت گیر پالیسیوں کی وجہ سے انسداد پولیو مہم ناکام اور صحت عامہ کے مسائل دن بہ دن سنگین ہوتے جا رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پولیو مہم جیسے حساس انسانی مسئلے کو بھی طالبان رجیم نے اپنی سیاسی انا اور شدت پسندانہ نظریات کی بھینٹ چڑھا دیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

میر نے انکشاف کیا ہے کہ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خواہش ہے کہ وہ ایران کے ساتھ مذاکرات کے لیے پاکستان آئیں لیکن انہوں نے اسلام آباد آنے کے لیے ایک شرط بھی رکھی ہے۔ جیو نیوز کے مارننگ شو جیو پاکستان میں گفتگو کرتے ہوئے حامد میر نے کہا کہ میرے پاس کیم اپریل کو ہی یہ خبر آگئی تھی کہ ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات پاکستان میں ہونے جارہے ہیں لیکن معاملے کی حساسیت کے باعث یہ مسئلہ پیش آرہا تھا کہ خبر چلائیں تو کیسے چلائیں کیونکہ اگر ہم یہ خبر اس وقت بریک کردیتے تو ایک طوفان برپا ہوجاتا اور پھر ان مذاکرات کو سبوتاژ کرنے والے عوامل سرگرم ہوجاتے۔ حامد میر نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور پاکستان میں ہونے کی خبر بھی ہمارے پاس موجود تھی لیکن ہمیں کہا گیا کہ اگر آپ نے یہ خبر چلائی تو اس کی نا صرف امریکا اور ایران کی جانب سے تردید آجائے گی بلکہ پاکستان بھی اس کی تردید کردے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

عابد کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمی ملزم کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ اس کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

کرلیا گیا جبکہ 2 ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مومن آباد کے علاقے اتحاد کالونی میں ہونے والے مبینہ مقابلے کے دوران دو ڈاکوؤں کو گرفتار کیا گیا، جن میں زخمی ملزم شعیب عباسی کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔ جبکہ دوسرے ملزم محمد عباسی کو تھانے منتقل کر دیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا ہے۔ دوسری کارروائی فیروزآباد کے علاقے ہل پارک کے قریب کی گئی، جہاں پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد کار لفٹر شاہ رخ ڈان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے دو ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔ زخمی ملزم کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا جبکہ اس کے قبضے سے رضویہ کے علاقے سے چوری کی گئی گاڑی اور اسلحہ بھی برآمد ہوا۔ اسی طرح پہلوان گوٹھ کے قریب ایک ریسٹورنٹ کی پارکنگ میں واردات کے دوران سیکیورٹی گارڈ کی فائرنگ سے ایک ڈاکو زخمی ہوگیا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈاکو چار شہریوں سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو رہے تھے کہ سیکیورٹی کمپنی کے انچارج شہزادہ نے لائسنس یافتہ اسلحہ سے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں آصف نامی ملزم زخمی ہو گیا جبکہ اس کا ساتھی آفتاب فرار ہوگیا، جس کی تلاش جاری ہے۔ مزید برآں بفرزون سیکٹر 16 کے بی آر قبرستان کے قریب ہونے والے ایک اور مبینہ مقابلے میں ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جس کی شناخت حسن کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کردی گئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

کی گئی۔ اجلاس میں وزیر خوراک سندھ مخدوم محبوب نے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ مجموعی ہدف کو پورا کرنے کیلئے خریداری کے عمل کو تیز کیا جارہا ہے۔ صوبائی وزیر نے بریفنگ میں بتایا کہ خریداری کیلئے 9 لاکھ 73 ہزار 900 میٹرک ٹن کے مجموعی ہدف مقرر کیا گیا، امدادی قیمت 3500 روپے فی 40 کلوگرام ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ضلع جامشورو میں 23,150 میٹرک ٹن ہدف، اب تک 450 میٹرک ٹن گندم خرید کی گئی۔ صوبائی وزیر نے یہ بھی کہا کہ گندم کی خریداری کا عمل جاری ہے اور کاشتکاروں تک رسائی بڑھا رہے ہیں، مقررہ اہداف حاصل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہے ہیں۔ دوران اجلاس وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سبسڈی لینے والے آبادکاروں سے ہی گندم کی خریداری کی جائے، تمام اضلاع میں گندم کی خریداری مراکز فوری متحرک کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کاشتکاروں کو بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے جبکہ اپنا باردانہ استعمال کرنے والے ہاریوں کو معاوضہ دیا جائے۔ سید مراد علی شاہ نے مزید کہا کہ منظور شدہ نرخ کے مطابق معاوضہ دیا جائے تاکہ آبادکاروں کی حوصلہ افزائی ہو، سندھ گندم آبادگار سپورٹ پروگرام میں شامل چھوٹے کاشتکاروں سے گندم خریداری جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گندم کی خریداری میں کسی قسم کی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی، محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کو فوری طور پر خریداری تیز کرے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ تمام اضلاع اپنے نظام کو فعال بنائیں اور بلا تاخیر ہدف حاصل کریں، کم کارکردگی والے اضلاع پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے گندم کی خریداری کے عمل میں شفافیت اور کارکردگی پر زور دیا اور متعلقہ حکام کو منڈی کی صورتحال پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی تاکہ ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی نقل وحرکت روکی جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

نے انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں سیکیورٹی پر مامور ایک پولیس کانسٹیبل زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ ہنگو کے علاقے درسمند میں پیش آیا، زخمی اہلکار کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں اسے طبی امداد دی جارہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پولیس کی بروقت جوابی کارروائی کے باعث انسداد پولیو ٹیم محفوظ رہی۔ پولیس کے مطابق واقعے کے بعد فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

متعدد وارداتوں میں ملوث عامری گینگ سے تعلق رکھنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں علی محمد اور واجد علی عرف واجا شامل ہیں۔ ان کے قبضے سے ایک موٹر سائیکل (بغیر کاغذات)، ایک موبائل فون اور نقدی برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار ملزمان اپنے گینگ کے ساتھیوں کے ہمراہ کراچی کے علاقے اسٹیل ٹاؤن، گلشن حدید اور ملحقہ علاقوں میں اسلحے کے زور پر موٹر سائیکلز، موبائل فونز اور نقدی چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ ملزم علی محمد نے انکشاف کیا کہ اس کے پاس ایک عدد بغیر لائسنس 30 بور پسٹل تھا جو اس نے گینگ کے قریبی ساتھی کو 15 ہزار روپے کے عوض فروخت کردیا۔ گرفتار ملزم واجد ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ہونے کے ساتھ ساتھ گینگ کے دیگر ساتھیوں کو نقدی اور موٹر سائیکلز کی موجودگی کی معلومات بھی فراہم کرتا تھا۔ گرفتار ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ گرفتار ملزمان کو بمعہ برآمد شدہ سامان مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ جرائم کے خاتمے کے لیے ایسے عناصر کے بارے میں اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ، رینجرز ہیلپ لائن 1101 یا رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 03479001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں۔ اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔